**21.09.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... کلیم احمد

**Music**

---------------------------------

☆ GST اصلاحات آج آدھی رات سے نافذ ہوجائیں گی۔ شرحیں کم ہونے سے اشیائے صارفین کے ایک وسیع تر دائرے میں عام لوگوں کو راحت ملے گی۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام پانچ بجے ملک سے خطاب کریں گے۔

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ مراقش کے دو دن کے دورے پر جارہے ہیں۔

☆ مہالیہ کا تہوار ملک کے مختلف حصوں میں منایا جارہا ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے افغانستان میں بگرام کے فضائیہ کے اڈے کا کنٹرول پھر سے حاصل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ طالبان نے امریکہ کے دعوے کو مسترد کردیا ہے۔

☆ اور ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج شام دوبئی میں سُپر فور مرحلے میں بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے.............

**PM Address**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام پانچ بجے ملک کے لوگوں سے خطاب کریں گے۔ وزیرِ اعظم کا یہ خطاب آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔x

**PM Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل اروناچل پردیش اور تریپورہ کے دورے پر جائیں گے۔ جناب مودی پانچ ہزار 100 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔
اروناچل پردیش میں وزیرِ اعظم تین ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے دو بڑے پن بجلی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ تریپورہ میں جناب مودی ماتا باڑی میں، ''ماتا تریپورہ سُندری ٹیمپل کمپلیکس'' کے ترقیاتی کام کا آغاز کریں گے۔ روحانی وراثت کو فروغ دینے کی مہم کی اسکیم کے تحت، اِس کی شروعات کی جارہی ہے۔ x

**Seva Parv - UPI Revolution**

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرکار بڑی تبدیلی لانے اور ترقی کے لیے انتھک کام کررہی ہے۔ Seva Parv کے عنوان سے خصوصی سلسلے میں آج ہم اِس بارے میں بات کررہے ہیں کہ مودی سرکار نے کس طرح ڈجیٹل ادائیگی کے نظام کو محفوظ، سب کیلئے قابلِ رسائی اور بلارکاوٹ بناکر UPI انقلاب برپا کیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ............

**Capsule**

**Opening Music**

وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں جو بڑی کایاپلٹ ہوئی ہے، اُس میں تکنیک کا اہم رول ہے۔ اِس بڑی تبدیلی میں UPI نظام کا اہم رول ہے۔ بھارت کی ادائیگیوں سے متعلق قومی کارپوریشن نے 2016 میں UPI کا آغاز کیا تھا اور اِس کے ذریعے مختلف بینک کھاتوں کو واحد موبائل ایپلی کیشن میں مربوط کرکے ادائیگی کے نظام میں ایک بڑا انقلاب لایا گیا ہے۔ اِس سال یومِ آزادی کے اپنے خطاب میں وزیرِ اعظم نریندر مودی نے UPI کی طاقت کا تذکرہ کیا تھا۔

**SB - PM - UPI**

UPI کی مقبولیت میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔ صرف اگست کے مہینے میں ہی 20 ارب سے زیادہ UPI لین دین ہوئے ہیں۔

دلّی میں Juice فروخت کرنے والے ایک دکاندار روہت نے UPI نظام کی خصوصیات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اِس سے رقم کا لین دین سہل ہوگیا ہے اور بینکوں پر انحصار بھی کم ہوگیا ہے۔

**SB - Rohit - Seva Saptah Group**

بھارت کے ڈجیٹل ادائیگی انقلاب کو اب بین الاقوامی سطح پر بھی تسلیم کیا جارہا ہے۔ سردست متحدہ عرب امارات، سنگاپور، بھوٹان، نیپال، سری لنکا، فرانس اور ماریشس سمیت مختلف ملکوں میں UPI نظام کام کررہا ہے۔

**Closing Music**

**GST Reforms**

نئے سلسلے کی GST اصلاحات کل سے نافذ ہوجائیں گی۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس سال یومِ آزادی کے موقع پر لال قلعہ کی فصیل سے نئے سلسلے کی GST اصلاحات کا اعلان کیا تھا۔ متعلقہ GST کونسل نے اِس مہینے کی تین تاریخ کو کئی شعبوں میں ٹیکس شرحیں کم کرکے ، اُن کے نظریے کو حقیقت کی شکل دی۔ اِس سے لوگوں کے رہن سہن میں سہولت ہو سکے گی۔

GST کونسل نے مختلف ٹیکس زمروں کو کم کرکے دو زمروں میں رکھا ہے، جبکہ پہلے یہ پانچ فیصد ، 12 فیصد، 18 فیصد اور 28 فیصد پر مشتمل چار زمرے تھے۔ تمباکو اور آسائش والے سامان اور اشیاء سمیت چنندہ اشیاء کیلئے 40 فیصد کا

اضافی Slab شروع کیا گیا ہے۔ GST کونسل نے عام آدمی ، زیادہ افرادی قوت والی صنعتوں، کسانوں، زراعت، صحت اور معیشت کے اہم عوامل پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، شرحوں کو معقول بنانے کی منظوری دی۔ GST کی شرحیں کم ہونے سے ذیلی متوسط طبقے کے کنبوں اور نوجوان پیشہ ور افراد کو راحت ملے گی۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے دلّی کے ایک باشندے ابھے پرتاپ نے، اِن اصلاحات کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ اِس فیصلے سے متوسط طبقے کو اپنے خوابوں کی تکمیل میں مدد ملے گی۔

**SB - Abhay Pratap**

## Rajnath Morocco

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج مراقش کے سرکاری دورے پر روانہ ہورہے ہیں۔ یہ دورہ کسی بھی بھارتی وزیر دفاع کا شمالی افریقی ملک کا پہلا دورہ ہوگا، جس سے بھارت اور مراقش کے درمیان بڑھتے ہوئے اسٹریٹجک رابطے اجاگر ہوتے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ اس دورے کے دوران وہ دونوں ملکوں کے درمیان دفاع، اسٹریٹجک اور صنعتی تعاون کو مضبوط کرنے کے لیے مراقش کے اپنے ہم منصب عبداللطیف Loudiyi کے ساتھ باہمی میٹنگ کریں گے۔ وہ مراقش میں Berrechid کے مقام پر ٹاٹا ایڈوانسڈ سسٹم Maroc کے پہیّوں والی بکتر بند گاڑیاں بنانے والے نئے مرکز کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ یہ مرکز، براعظم افریقہ میں دفاعی سازوسامان بنانے والا بھارت کا اب تک کا پہلا یونٹ ہے۔×

## Mahalaya - PM HM Wishes

آج ملک کے مختلف حصوں میں مہالیہ کا تہوار منایا جارہا ہے۔ Pitru Paksh Sharadh کے ختم ہونے اور دُرگا پوجا تقریبات کے آغاز کے موقع پر مہالیہ منایا جاتا ہے۔ ایسا مانا جاتا ہے کہ اِس دن دیوی دُرگا نے راکشس Mahishasur کو شکست دی تھی۔×

## Afghan Rejects Airbase Claim

افغانستان کے عہدیداروں نے بگرام ایئر بیس کو پھر سے بازیاب کرانے سے متعلق امریکی دھمکیوں کو فوری طور پر مسترد کردیا ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ کسی بھی ملک کی دوبارہ فوجی موجودگی کی کسی بھی کوشش کی سخت مزاحمت کی جائے گی۔

جنرل ڈائرکٹوریٹ آف انٹیلی جنس کے پہلے نائب ملّا Tajmir جوّاد نے کلیدی نوعیت کے فضائی اڈّے کو دوبارہ اپنے کنٹرول میں لینے سے متعلق امریکی بیان پر ردِّعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ افغان حکومت موجودہ نظام کو برقرار رکھے گی۔

اِس کے علاوہ افغانستان کے وزیر دفاع محمد یعقوب مجاہد نے بھی میڈیا سے کہا ہے کہ اگر امریکہ یہاں سے نہیں جانا چاہتا اور مزید اڈّوں کا مطالبہ کرتا ہے تو ہم مزید 20 سال تک لڑنے کے لیے تیار ہیں۔×

## US Chamber - H1B Visa

امریکہ کے ایوانِ تجارت نے H-1B ویزا کیلئے درخواست کی فیس بڑھاکر ایک لاکھ ڈالر کرنے کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے اعلان کے تناظر میں تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں، اُس نے کہا ہے کہ اُسے ملازمین، اُن کے ارکانِ خاندان اور آجروں پر پڑنے والے H-1B ویزا کے نئے ضابطوں کے اثرات پر تشویش ہے۔

امریکی ایوانِ تجارت نے کہا ہے کہ وہ اِس کے پورے مضمرات کا جائزہ لینے اور آگے بڑھنے کے بہترین راستے کے سلسلے میں انتظامیہ اور اُس کے ارکان کے ساتھ مل کر کام کررہا ہے۔

اِس سے قبل وہائٹ ہاؤس نے امریکہ کی نئی H-1B ویزا پالیسی کے بارے میں بڑی وضاحت جاری کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ ایک لاکھ ڈالر کی فیس یک وقتی فیس ہوگی اور یہ صرف نئے درخواست گزاروں پر نافذ ہوگی۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ جن لوگوں کے پاس پہلے ہی H-1B ویزا ہے اور وہ سردست ملک سے باہر ہیں، تو انہیں پھر سے وہاں آنے کیلئے ایک لاکھ ڈالر کی فیس ادا نہیں کرنی ہوگی۔ اِس کے علاوہ، درخواست کی تجدید یا موجودہ ویزا ہولڈرس پر، اِس کا کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اِدھر بھارت نے کہا ہے کہ وہ H-1B ویزا درخواستوں پر ایک لاکھ ڈالر کی فیس عائد کرنے کے امریکہ کے فیصلے کے اثرات کا جائزہ لے رہا ہے۔ ساتھ ہی بھارت نے یہ بھی کہا ہے کہ اِس اقدام سے انسانی ہمدردی کے مضمرات پیدا ہوسکتے ہیں۔x

## Trump - Venezuela

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے Venezuela کو خبردار کیا ہے کہ اگر وہ فوری طور پر اپنے تارکین وطن کو واپس نہیں بلاتا تو اِس کے بہت خطرناک نتائج ہوں گے۔ صدر ٹرمپ نے کل ایک سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر یہ وارننگ جاری کی۔ اِس دھمکی سے ایک دن پہلے، انہوں نے Caribbean علاقے میں وینیزویلا سے مبینہ طور پر منشیات اسمگل کرنے والی موٹر کشتیوں کے خلاف حملہ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ اِس کارروائی میں 3 افراد ہلاک ہوئے تھے، جنہیں انہوں نے منشیات اسمگل کرنے والے دہشت گرد قرار دیا ہے۔x

## Sports

ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج دوبئی میں سُپر فور مرحلے کے دوسرے میچ میں بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 بجے شروع ہوگا۔ اِس ٹورنامنٹ میں دونوں ٹیمیں دوسری بار آمنے سامنے ہوں گی۔ اِس سے قبل، بھارت نے گروپ مرحلے میں پاکستان کو سات وکٹ سے کراری شکست دی تھی۔ اِدھر بیڈمنٹن میں آج Shenzhen کے مقام پر چائنا ماسٹرس ٹورنامنٹ میں مردوں کے ڈبلز فائنل میں سَتوِک سائیراج رَنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی بھارتی جوڑی کا مقابلہ جنوبی کوریا کی عالمی چمپئن جوڑی سے ہونے والا ہے۔ x

## Solar Eclipse

اِس سال کا آخری سورج گرہن آج ہورہا ہے۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ سورج گرہن رات 10 بجکر 59 منٹ پر شروع ہوگا اور یہ آسٹریلیا، انٹارکٹیکا، بحرالکاہل اور دیگر خطوں میں جنوبی نصف کُرے میں دیکھا جاسکے گا، جبکہ بھارت میں یہ نظر نہیں آئے گا۔ یہ جزوی سورج گرہن ہوگا۔ x

**IMD**

بھارتی موسمیات محکمے نے انڈمان و نکوبار جزائر، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال کے علاقوں، چھتیس گڑھ، وِدربھ اور اڈیشہ میں کہیں کہیں اگلے دو تین دن تک تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، تمل ناڈو، پدوچیری اور تلنگانہ میں بھی کل تک شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔
موسمیات محکمے نے اتراکھنڈ، مشرقی اترپردیش اور مشرقی راجستھان میں بھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ x

**Waves Bazar - Korea**

کوریا کے شہر Busan میں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کے موقع پر ایشیائی Contents and Film Market میں WAVES بازار - بھارت پویلین کا باضابطہ طور پر افتتاح کیا گیا۔ اطلاعات و نشریات کی وزارت اور Seoul میں بھارتی سفارتخانے نے WAVES بازار رابطہ پروگرام کے تحت یہ پویلین قائم کیا ہے۔ x

**ICG - ICC**

بھارتی کوسٹ گارڈ نے پورے ملک میں ساحلی علاقوں کو صاف ستھرا رکھنے کا بین الاقوامی دن منایا۔ دفاع کی وزارت کے مطابق NCC کیڈٹ، NSS ارکان اور اسکول اور کالجوں کے طلباء سمیت 26 ہزار سے زیادہ رضاکاروں نے ساحلی علاقوں کو صاف کرنے کی مہم میں سرگرمی کے ساتھ حصہ لیا۔ x

**Bihar Nitish**

بہار اسمبلی انتخابات سے قبل وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار نے آج وِکاس متر اور شِکشا سیوکوں کیلئے کئی طرح کی اہمیت کی حامل امداد کا اعلان کیا۔ ترقی اور بہبود کی مختلف اسکیموں کے فائدے درجِ فہرست ذاتوں اور درجِ فہرست قبیلوں تک پہنچانے میں وِکاس متر اہم رول ادا کرتے ہیں۔ اُنہیں اب سرکاری فنڈ سے 25 ہزار روپے کی یک وقتی گرانٹ فراہم کی جائے گی تاکہ وہ Tablet Device خرید سکیں۔ وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار نے سوشل میڈیا پر آج اِس بات کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وِکاس متروں کا ماہانہ ٹرانسپورٹیشن بھتہ ایک ہزار 900 روپے سے بڑھاکر ڈھائی ہزار روپے کردیا جائے گا اور اُن کا اسٹیشنری بھتہ بھی 900 روپے کی جگہ اب ڈیڑھ ہزار روپے ہوجائے گا۔
اِس کے علاوہ، شِکشا سیوکوں کو ڈجیٹل سرگرمیاں انجام دینے کی خاطر اِسمارٹ فون خریدنے کیلئے 10-10 ہزار روپے کی گرانٹ دی جائے گی۔ یہ شِکشا سیوک اقلیتوں اور انتہائی پسماندہ طبقوں کے بچوں کیلئے تعلیم تک رسائی کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ اِس کے ساتھ ساتھ وہ خواتین میں خواندگی کو بڑھاوا دینے میں بھی اہم رول ادا کرتے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆